Department of Education
Chancellor David C. Banks

18 فروری، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

ہمارے "محفوظ رہیں، کھلے رہیں" منصوبے نے ہمارے اسکولوں کو کھلا رکھنے میں اور COVID-19 عالمی وبا، بشمول Omicron (اومیکران) کی تیز لہر کے دوران نوجوانوں کے لیے محفوظ ترین جگہ رہنے میں کامیابی کے ساتھ ہماری مدد کی ہے۔ وسط سرما وقفے کے بعد ہماری اسکول کی برادری کو محفوظ رکھنے کے لیے، ویکسینیشن کی صورت حال کے قطع نظر، ہم تمام طلبا کی 28 فروری کو اسکول واپسی سے قبل COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ آپ کا بچہ PCR، لیب پر مبنی ریپڈ ٹیسٹ، یا ایک گھر کے لیے ٹیسٹ کِٹ کےذریعے ٹیسٹ کرواسکتا ہے۔ آپ کا بچہ گھر کے لیے COVID-19 کے دو ٹیسٹس گھر لے کر آئے گا، جو کہ ایک یا دو ڈبوں میں بند (پیک) ہوں گے۔

میرے بچے کو کس وقت ٹیسٹ کرنا چاہیئے؟

- **پہلا ٹیسٹ 26 فروری کو۔** براہِ کرم اپنے بچے کی سنیچر، 26 فروری کی شام کو COVID کے ٹیسٹس میں سے ایک ٹیسٹ لینے میں مدد کریں۔
- **دوسرا ٹیسٹ 27 فروری کو۔** براہِ مہربانی 24 گھنٹوں کے بعد، 27 فوری کی شام کو اپنے بچے کی دوسرا ٹیسٹ لینے میں مدد کریں۔
- اگر آپ کے بچے کا ٹیسٹ منفی ہے اور یہ تندرست محسوس کر رہا ہے تو ان کو بروز پیر، 28 فروری اسکول آنا چاہیئے۔
- براہِ کرم توجہ کریں، اگر آپکا بچہ COVID-19 کے ایک تصدیق شدہ کیس سے پچھلے 90 دونوں میں صحتیاب ہوچکا ہے، ان کو ٹیسٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اگر یہ تندرست محسوس کر رہے ہیں تو ان کو بروز پیر 28 فروری کو اسکول آنا چاہیئے۔

اگر میرے بچے کے ایک ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

- کنڈر گارٹن اور بڑی عمر کے بچے: براہِ کرم اپنے اسکول کو مطلع کریں اور اپنے بچے کو پانچ ایام کے لیے علیحدہ رکھیں۔ آپ کا بچہ چھٹے (6) دن اسکول واپس آ سکتا ہے اگر ان کو کوئی علامات نہیں ہیں یا ان کی علامات بہتر ہو رہی ہیں (بشمول دوائی استعمال کیے بغیر 24 گھنٹے سے بخار نہیں ہے) اور آپ کا بچہ اپنے ٹیسٹ کے مثبت نتیجہ آنے کے بعد دسویں (10) دن تک ایک اچھی طرح سے فِٹ ہونے والا ماسک پہن سکتا ہے۔
- پری کنڈر گارٹن اور چھوٹی عمر (کے بچے): براہِ مہربانی اپنے اسکول / پروگرام کو مطلع کریں اور اپنے بچے کو دس دنوں کے لیے علیحدہ رکھیں۔ آپ کا بچہ اسکول / پروگرام میں دسویں دن کے بعد آ سکتا ہے۔
- تمام عمروں کے لیے:
  - براہِ کرم یاد رکھیں اگر آپ کے بچے کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، آپ کا بچہ علیحدگی کے دورانیے کے دوران غیر ہم آہنگ تعلیم اور دفتری اوقات کا مستحق ہے۔
  - اگر آپ کے بچے کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو اضافی اقدامات کے لیے براہِ کرم ہمارے COVID-19 رہنمائی چارٹس کو ملاحظہ کریں جو کہ schools.nyc.gov/2022Health، پر دستیاب ہیں

میں ٹیسٹ کِٹ کے لیے ہدایات کو کہاں تلاش کر سکتا ہوں؟

- تمام ٹیسٹ کِٹس شائع شدہ ہدایات کے ساتھ آتی ہیں، براہِ مہربانی ٹیسٹ کرتے وقت ان ہدایات پر عمل کریں۔ آپ اپنی ٹیسٹ کٹ استعمال کرنے کے بارے میں کئی زبانوں میں وڈیوز بھی schools.nyc.gov/HomeRapidTestKits پر دیکھ سکتے ہیں۔

COVID-19 کو ہمارے اسکولوں سے دور رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داری نبھانے کا شکریہ! جب آپ کا بچہ وقفے کے بعد اسکول واپس آئے، براہِ کرم روزانہ صحت کی چھان بین کا فارم ہر روز مکمل کریں جو healthscreening.schools.nyc پر دستیاب ہے۔

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے جنگ کرنے کے لیے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ہمارے پاس ویکسینیشن بہترین آلہ ہے۔ 5 سال اور بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے تو برائے مہربانی vaccinefinder.nyc.gov پر ایک مقررہ وقت لینے کے لیے وسط سرما وقفے کے موقع کو استعمال کریں۔ ویکسین نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔

ویکسین بوسٹر شاٹس بھی اب 12 سال اور زائد عمر کے مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کے لیے دستیاب ہیں۔ بوسٹر شاٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں https://www1.nyc.gov/site/doh/covid/covid-19-vaccines.page#boost

میں آپ کے اور آپ کے بچے کے لیے ایک صحت مند اور آرام دہ وقفے کے لیے دعاگُو ہوں،

Dr. Cristina Meléndez

Dr. Cristina Meléndez
منتظم اعلی
خاندانی اور اجتمائی شمولیت